SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

June 13, 2018

***For immediate release***

**ایس ای سی پی نے ملازمین کے شراکتی فنڈ کی سرمایہ کاری سے متعلق ریگولیشنز جاری کردئے**

اسلام آباد(جون 13 )سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ملازمین کے شراکتی فنڈ کی لسٹڈ سکیورٹیز میں سرمایہ کاری سے متعلق،ایمپلائز کنٹریبیوٹری فنڈز (انوسٹمنٹ ان لسٹڈ سکیورٹیز) ریگولیشنز2018 جاری کردئے ہیں۔ان ریگولیشنز کا مقصد ملازمین کی محنت کی کمائی اور بچتوں کی سرمایہ کاری پر بہترین منافع کے مواقع فراہم کرنااورانہیں محفوظ بنانا ہے۔

واضح رہے کہ اس پہلے ملازمین کے شراکتی فنڈ کوایس ای سی پی کے جاری کردہ ایمپلائزپراویڈنٹ فنڈرولز کے تحت ریگولیٹ کیا جاتا تھا،تاہم کمپنیزایکٹ 2017 میں شراکتی فنڈزمیں سرمایہ کار کادائرہ کار بڑھادیا گیاہے۔لہٰذا نئے ریگولیشنز میں ملازمین کی جانب سے پراویڈنٹ فنڈ کے علاوہ دیگر کی جانے والی شراکت داری کو بھی اس میں شامل کرتے ہوئے ملازمین کے شرکتی فنڈز کی حصص مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے ریگولیشنز جاری کئے گئے ہیں۔ ان ریگولیشنز پر سٹیک ہولڈروں سے مشاورت کے لئے دوسیمینار بھی منعقد کئے گئےاور شراکت داروں اوررائے عامہ کے لئے ریگولیشنز کا مسودہ دو مرتبہ جاری کیا گیا۔

حصص اورقرض کی مارکیٹوں میں تسلسل سے نئے رجحانات اور غیر بینکی مالیاتی کمپنیوں کی جانب سے بہتر منافع کی خاطر نئی مصنوعات کی ترویج کی بدولت شراکتی فنڈز کے لئے مارکیٹ میں زیادہ بہتر امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ چونکہ خطرات اور منافع کا چولی دامن کا ساتھ ہے لہٰذاایس ای سی پی نے ملازمین کی خون پسینے کی کمائی کو محفوظ بنانے کے لئے جامع ریگولیشنز متعارف کئے گئے ہیں۔

ان ریگولیشنز میں ملازمین کی بچتوں پر منافع کو بہتر بنانے اوراسے خطرات سے تحفظ فراہم کرنے کے لئے، منسوخ شدہ قواعد کی شق ۴ (الف)(دو) میں مجموعی اوسط منافع کے لئے دئے گئے فارمولا کو گزشتہ تین میں سے دوسالوں کے دوران پندرہ فیصد منافع منقسمہ کی ادائیگی سے تبدیل کردیا گیا ہے۔ مزید، اثاثوں کی تین الگ الگ اقسام یعنی زر،ڈیٹ اورایکویٹی مارکیٹ متعارف کروائی گئی ہیں۔سرمایہ کاری کے اجتماعی منصوبوں کے علاوہ دیگر سرمایہ کاریوں پر شعبہ وار حدودِ سرمایہ کاری بہمراہ سکیورٹی کی مناسبت سے حدودِ سرمایہ کاری متعارف کروائی گئی ہیں۔

نئے ریگولیشنز کے مطابق ایک دستوری باڈی یالسٹڈ ڈیٹ سکیورٹیز کے جاری کردہ بانڈز، قابلِ انفکاک سرمایہ،ڈیٹ سکیورٹیز اور دیگرانسٹرومنٹس کے لئے متعین ڈبل اے(AA) کی ریٹنگ شرط کو کم کرکے اے(A) کردیا گیاہے۔ پانچ کروڑروپے اورزائد کی براہِ راست ایکویٹی کی سرمایہ کاری کے لئے سرمایہ کاری کے مشیر کے تقرر کے لئے ذیلی ضابطہ بھی متعارف کروایا گیاہے۔ علاوہ ازیں،فنڈ یاٹرسٹ کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ٹرسٹ ڈِیڈ میں ترمیم کریں اوراس میں ایک شق شامل کریں جس کے ذریعے نئے ملازمین کو ایک مرتبہ کے لئے یہ اختیار دیا جائے کہ وہ فنڈ یاٹرسٹ کو

اپنے شراکتی فنڈ یا ٹرسٹ میں سے ان ضوابط کے تحت سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دیں یا ایسا کرنے کی اجازت نہ دیں۔ باقاعدہ طور پر منظور شدہ ضوابط ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔